Cheryl Lawrence, MD, FAAP
Medical Director

Office of School Health
30-30 47th Avenue,
Long Island City, NY
11101

اگست 2022

عزیزی والدین یا سرپرست،

نیو یارک شہر نے تعلیمی سال 2022-2023 کے لیے اسکول مامونیت (immunization) کے مطلوبات کی تجدید کی ہے۔ اس خط کے ساتھ 2022-2023 کے لیے ان مطلوبات کی ایک فہرست شامل ہے۔ تعلیمی سال شروع ہونے سے قبل، اگر آپ کا بچہ چائلڈ کیئر یا اسکول جا رہا ہے آپ کو لازماً مامونیت کا ثبوت جمع کرانا ہوگا۔

چائلڈ کیئر سے لے کر گریڈ 12 تک تمام طلبا کو ان مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے:

- DTaP (ڈیپتھیریا- ٹیٹنس-پرٹوسس)، پولیو وائرس، MMR (میزلز- ممپس - روبیلا)، ورسلا اور ہیپٹائٹس B۔

5 سال سے کم عمر بچے جو چائلڈ کیئر اور پری کنڈرگارٹن (pre-K) میں مندرج ہیں ان کے لیے بھی ان مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے:

- Hib (ہائموفائلس انفلوئنزا ٹائپ b) اور PCV (نیموکوکل کونجوگیٹ) ویکسینز.
- انفلوئنزا (فلو) ویکسین: بچوں کے لیے 31 دسمبر، 2022 تک لگوانا لازمی ہے (ترجیحاً، جب یہ خزاں کی اوائل میں دستیاب ہو جاتی ہے)۔

گریڈز 6 سے 12 تک کے بچوں کے لیے بھی ان ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے:

- Tdap (ٹیٹنس-ڈپتھیریا- پرٹوسس) بوسٹر اور MenACWY (مینںگوکوکل کونجوگیٹ) ویکسینز۔

برائے مہربانی اپنے بچے کی مدافعتی ٹیکوں کی فہرست کا ان کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ جائزہ لیں۔ ان کا فراہم کنندہ آپ کو بتا سکتا ہے که آیا آپ کے بچے کو اس سال چائلڈ کیئر یا اسکول جانے کے لیے ایک یا زائد ویکسینز کی اضافی خوراکیں درکار ہیں۔ **براہ کرم متوجہ ہوں**: اگر آپ کے بچے نے ویکسین کی خوراکیں کم سے کم عمر سے **پہلے** موصول کی تھیں (بہت جلدی)، وہ خوراکیں مطلوبہ خوراکوں کی تعداد میں شمار **نہیں** کی جاتی ہیں۔

اگر آپ کے 2022-2023 کے ان مطلوبات کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، برائے مہربانی اپنے چائلڈ کیئر مرکز یا اسکول کے انتظامی دفتر سے رابطه کریں۔

بخلوص،

Cheryl Lawrence

Cheryl Lawrence, MD, FAAP
میڈیکل ڈائریکٹر
اسکول کا دفترِ صحت

کیا آپکا بچہ طفلی نگہداشت (چائلڈ کئیر) یا اسکول کے لیے تیار ہے؟

تعلیمی سال 2022-2023

نیویارک شہر میں مطلوبہ مامونیت کے بارے میں جانیں۔

نیویارک شہر میں 2 ماہ کی عمر سے لیکر 18 سال کی عمر تک کے تمام طلبا کو چائلڈ کئیر یا اسکول جانے کے لیے ذیل کے مدافعتی ٹیکے لگوانے لازمی ہیں۔ اس تعلیمی سال کے لیے آپکے بچے کی گریڈ سطح کی بنیاد پر مامونیت کی ضروریات کا جائزہ لیں۔ آپکے بچے کو درکار ویکسین کی خوراکوں کی تعداد، عمر اور پہلے لی جانے والے خوراکوں سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کو اسکی مخصوص صحت کی صورتِ حال یا اگر پچھلی خوراکیں بہت جلد لے لی گئی تھیں، کی وجہ سے اضافی ویکسین یا ویکسین کی خوراکوں کی ضرورت ہو۔

مدافعتی ٹیکے	چائلڈ کئیر، ہیڈ اسٹارٹ، نرسری، 3K یا پری کنڈرگارٹن	کنڈرگارٹن –گریڈ 5	گریڈز 11 -6	گریڈ 12
ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹوسس (DTaP)	**4 خوراکیں**	**5 خوراکیں** **یا 4 خوراکیں صرف** اگر چوتھی خوراک 4 سال کی عمر یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی **یا 3 خوراکیں صرف** اگر بچہ 7 سال کی عمر کا ہے یا اس سے زائد عمر کا ہے اور (ٹیکوں کے) سلسلے کا آغاز 1 سال کی عمر یا زائد سے شروع کیا گیا تھا	**3 خوراکیں**	
ٹیٹنس، ڈپتھیریا اور پرٹوسس بوسٹر (Tdap)			**1 خوراک** (11 سال کی عمر پر یا اس کے بعد)	
پولیو (IPV یا OPV)	**3 خوراکیں**	**4 خوراکیں** **یا 3 خوراکیں** اگر تیسری خوراک 4 سال کی عمر یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی		
میزلز، ممپس اور روبیلا (MMR)	**1 خوراک**	**2 خوراکیں**		
ہیپاٹائٹس B	**3 خوراکیں**	**3 خوراکیں**	**3 خوراکیں** **یا بالغان کی ہیپاٹائٹس B ویکسین کی 2 خوراکیں** (Recombivax HB®) اگر 11 سے لیکر 15 سال کی عمر میں خوراکیں کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے لی گئی تھیں	
ورسلا۔ (چکن پوکس)	**1 خوراک**	**2 خوراکیں**		
مینِنگوکوکل کونجوگیٹ (MenACWY)			**گریڈ 6: ناقابلِ اطلاق** **گریڈز 7-11: 1 خوراک**	**گریڈ 12: 2 خوراکیں** **یا 1 خوراک** اگر پہلی خوراک 16سال یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی
ہیموفیلس انفلوئنزا ٹائپ b کونجوگیٹ (Hib)	**1 سے 4 خوراکیں** بچے کی عمر اور سابقہ موصول شدہ خوراکوں پر منحصر			
نوموکوکل کونجوگیٹ (PCV)	**1 سے 4 خوراکیں** بچے کی عمر اور سابقہ موصول شدہ خوراکوں پر منحصر			
انفلوئنزا	**1 خوراک**			

NYC Department of Health & Mental Hygiene | Department of Education

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں اپنے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

مزید معلومات کے لیے 311 پر فون کریں یا **nyc.gov/health** پر جائیں اور "طلبا کی ویکسین" (**"Student vaccine"**) تلاش کریں۔